## انسانیت کی عملی خدمت ایم کیو ایم کی اولین ترجیح ہے، انور عالم
## کورنگی سیکٹر میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔10، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ انسانیت کی عملی خدمت کرنا ایم کیو ایم کی اولین ترجیح ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایم کیو ایم کی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور شعبہ خواتین کی کارکنان بھی موجود تھیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام نے ایم کیو ایم پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ایم کیو ایم کے مینڈیٹ کو تسلیم نہ کرنا عوامی مینڈیٹ کی کھلی توہین ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کے حقوق کا حصول ہے۔ایم کیو ایم اقتدار اور اقتدار کے بغیر دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور انسانیت کی عملی خدمت ایم کیو ایم کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئی مانے یا نہ مانے ایم کیو ایم ایک زندہ حقیقت ہے اور حق پرستی کا فکر وفلسفہ ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے اور انشاءاللہ بہت جلد ملک بھر کے عوام حق پرستی کے پرچم تلے متحد ہو کر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔انور عالم نے کارکنان پرزور دیا کہ وہ خود کو نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنانے کیلئے تنظیمی لیٹریچر کا بغور مطالعہ کریں اور تنظیمی نظم وضبط کی پابندی کریں۔

## پختون اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے دہشت گردوں کا سپیریئر کالج میں دھاوا
## اے پی ایم ایس او اور دیگر طلبہ کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کردیا
## پختون اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے دہشت گردوں کی کھلی غنڈہ گردی کا نوٹس لیا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔10، مارچ 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے سپیریئر سائنس کالج شاہ فیصل کالونی میں پختون اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے دہشت گردوں کی غنڈہ گردی اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آج پختون اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مسلح دہشت گردوں نے شاہ فیصل کالونی میں واقع سپیریئر سائنس کالج پر دھاوا بولا اور شدید فائرنگ کرکے کالج میں خوف وہراس پھیلایا۔پی ایس ایف کے دہشت گردوں نے کالج میں اے پی ایم ایس او کے یونٹ آفس میں غنڈہ گردی کی اور آفس میں موجود اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں کارکنان معاذ، عدیل، طیب، فہد، عاطف، ذیشان اور عبداللہ سمیت دیگر طلباء شدید زخمی ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں غنڈہ گردی اور پرتشدد کارروائی کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ سپیریئر سائنس کالج میں پختون اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مسلح دہشت گردوں کی غنڈہ گردی اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن جاوید رحیم نے عباسی شہید اسپتال جاکر اے پی ایم ایس او کے زخمی کارکنان کی عیادت کی اور ان سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔انہوں نے اسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ زخمی کارکنان کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں۔انہوں نے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم آزاد کشمیر میں بدعنوان عناصر کا آئینی وقانونی طریقے سے محاسبہ کرے گی، طاہر کھوکھر

اسلام آباد۔۔۔10، مارچ 2008ء

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے رہنماؤں اور منتخب نمائندگان کے دامن بدعنوانیوں سے پاک ہیں اور ایم کیو ایم، آزاد کشمیر میں بھی بدعنوان عناصر کا آئینی وقانونی طریقے سے محاسبہ کرتی رہے گی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تشدد اور انتقامی کارروائیاں حق پرستوں کو صدائے حق بلند کرنے سے باز نہیں رکھ سکتیں اور نہ ہی دہشت گردی سے حق پرستوں کو خوف زدہ کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر گزشتہ 60 برسوں سے کشمیر کاز اور کشمیری عوام کے حقوق کا سودا کرتے چلے آرہے ہیں وہ اب کشمیری عوام کو بے وقوف نہیں بنا سکتے۔انہوں نے کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ مفاد

پرست عناصر کو مسترد کر دیں اور ایم کیو ایم کا ساتھ دیکر کشمیری عوام کے حقوق کا سودا کرنے والے عناصر کے خلاف متحد ہو جائیں۔ طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ان پر تشدد کے خلاف اظہار ہمدردی پر سیاسی و سماجی شخصیات سے دلی تشکر کا بھی اظہار کیا۔

## امتہ مسلمہ حضور ﷺ کا ی جشن ولادت منا رہی ہے لیکن وکلاء برادری اس ماہ مبارک کا احترام کرنے کے بجائے اپنی سیاسی دکان چمکانے اور ملک بھر میں احتجاجی مظاہروں اور بلیک فلیگ ویک میں مصروف ہیں، ایم کیو ایم علماء کمیٹی وکلاء برادری ماہ مبارک کا احترام کرے اور فی الفور احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ بند کر دے

کراچی۔۔10 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے ارکان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ امتہ مسلمہ اس وقت حضور ﷺ کا جشن ولادت منانے میں مصروف ہے لیکن وکلاء برادری اس مبارک مہینے کا احترام کرنے کے بجائے اپنی سیاسی دکان چمکانے اور معزول ججز کی بحالی کے نام پر ملک بھر میں احتجاجی مظاہروں اور بلیک فلیگ ویک منانے میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے ملک بھر کے عوام میں شدید غم غصہ پایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے حقوق کیلئے احتجاج کرنا ہر انسان کا قانونی اور آئینی و بنیادی حق بنتا ہے لیکن اس بات کو بھی سامنا رکھا جائے کہ ماہ ربیع اوالاول حضور اکرم ﷺ کے ولادت کا ماہ مبارک ہے اور اس ماہ مبارک کو مسلمان حضور اکرم ﷺ کے ولادت کی خوشی میں انتہائی مذہبی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ مناتے ہیں اور خوشی میں سبز ہلالی پرچم لہراتے ہیں، دورد پاک کا ورد کرتے ہیں اور قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کرتے ہیں۔ لیکن وکلاء برادری ملک بھر میں اس ماہ مبارک کو مذہبی جوش خروش منانے کے بجائے ہفتہ سیاہ کے طور پر منا رہی ہے اور بلیک فلیگ کے سلسلے میں سیاہ پرچم لہرا رہی ہے جس مسلم امہ کیلئے ایک سوالیہ نشان بنا ہوا ہے۔ علما کمیٹی کے ارکان نے وکلاء برادری سے کہا کہ وہ ماہ مبارک کا احترام کریں اور فی الفور احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ بند کریں۔

## ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر تشدد کے خلاف لاہور پریس کلب کے سامنے ایم کیو ایم کے زیر اہتمام پر امن احتجاجی مظاہرہ۔ ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کی بڑی تعداد کی شرکت طاہر کھوکھر پر تشدد کرنے والے ارکان اسمبلی کی رکنیت منسوخ کی جائے۔ رانا فرحت ایڈوکیٹ

لاہور۔۔۔10 مارچ 2008ء

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر تشدد کے خلاف آج لاہور میں شملہ پہاڑی کے علاقے میں لاہور پریس کلب کے سامنے ایم کیو ایم کے زیر اہتمام ایک پر امن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں ایم کیو ایم لاہور کے آرگنائزر رانا فرحت علی ایڈوکیٹ، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان مقصود اعوان ایڈوکیٹ، سید منظور حسین فاطمی، بی اے خان، کرنل آغا جہانگیر، آغا نوید، حاجی سعید، مجاہد گل، ڈاکٹر صفدر رانا، محمد فاروق، نوید بیگ، طارق، حاجی بشیر احمد اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرے میں شامل کارکنوں اور ذمہ داروں نے ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر تشدد کے خلاف زبردست احتجاج کیا۔ مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچموں کے علاوہ بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر طاہر کھوکھر پر تشدد کے خلاف احتجاجی کلمات درج تھے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم لاہور کے آرگنائزر رانا فرحت ایڈوکیٹ نے کہا کہ طاہر کھوکھر نے اپنا آئینی و قانونی حق استعمال کرتے ہوئے آزاد کشمیر حکومت کی بدعنوانی کے بارے میں اسمبلی میں پر امن طریقے سے کچھ سوالات اٹھائے تھے جن کا جواب دینا حکومت کی ذمہ داری تھی لیکن اس کا جواب دینے کے بجائے طاہر کھوکھر کو ایوان میں جس طرح بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا وہ کھلی غنڈہ گردی ہی نہیں بلکہ منتخب ایوان کے تقدس کو پامال کرنے کے مترادف ہے۔ رانا فرحت ایڈوکیٹ نے کہا کہ دراصل آزاد کشمیر حکومت کو آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے اور وہ ایم کیو ایم کے خلاف مسلسل مذموم ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے اور ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں، رہنماؤں اور کارکنوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ رانا فرحت نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک امن پسند جماعت ہے اور وہ تمام تر غیر جمہوری ہتھکنڈوں کے باوجود اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ طاہر کھوکھر پر تشدد کرنے والے ارکان اسمبلی کی رکنیت منسوخ کی جائے اور آئین و قانون کے تحت انہیں سزا دی جائے۔

## آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں طاہر کھوکھر پر تشدد جمہوری تقاضوں کی خلاف ورزی ہے۔ایم کیوایم کینیڈا

کینیڈا۔۔10مارچ2008ء

ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی اور قائم مقام آرگنائزر شکیل اختر اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر اسمبلی کے اراکین کی جانب سے وحشیانہ تشدد کی شدید مذمت کی ہے اور اس عمل کو جمہوری اقدار کی خلاف ورزی اور ایم کیوایم مخالفین کی بوکھلاہٹ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں سے ایم کیوایم کے منتخب نمائندگان کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکتا۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ طاہر کھوکھر پر وحشیانہ تشدد کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس گھناؤنے عمل میں ملوث اراکین اسمبلی کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔دریں اثناء ایم کیوایم کینیڈا کے دیگر یونٹوں کی کمیٹیوں کے ذمہ داران نے طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی مذمت کی ہے اور طاہر کھوکھر کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆